ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (204)

مورخہ 01.05.25

**بہاولپور (        ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے کرائم میٹنگ ۔۔شہریوں کا امن خراب کرنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھیں، اپنے اپنے سرکل میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کو یقینی بنائیں، ڈی پی او کے ایس ڈی پی اوز کو احکامات جاری**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے کانفرنس ہال میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ کی۔ میٹنگ میں جملہ سرکل افسران نے مقدمات بارے ڈی پی او محمد حسن اقبال کو بریفنگ دی۔ جس پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کہا کہ روزانہ کی پراگرس چیک کی جارہی ہے۔ اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔ قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کروائیں اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ جملہ سرکل افسران روزانہ کی بنیاد پر زیر تفتیش مقدمات بارے تفصیلی رپورٹ مرتب کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں۔ گشت کے نظام کو موثر اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔ منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔ تھانہ پر آنے والی درخواستوں کو میرٹ پر متعین کردہ وقت میں حل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے، شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔ میٹنگ کے اختتام پر ڈی پی او بہاولپور نے جملہ ایس ڈی پی اوز کو روزانہ کی بنیاد پر اپنے سرکل میں کھلی کچہری لگانے اور شہریوں کے مسائل سن قانون کے مطابق حل کرنے احکامات جاری کئے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ کرائم میٹنگ کر رہے ہیں

PUNJAB POLICE BAHAWALPUR

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((205

01.05.25

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات، تھانہ صدر ریزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث شان عرف شانا گینگ کا سرغنہ 02ساتھیوں سمیت گرفتار، گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد۔ عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رہے گا، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے تھانہ صدر ریزمان میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتیں کنٹرول کرنے کے احکامات جاری کئے ۔ جس کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ صدر ریزمان نے دن رات محنت سے خفیہ معلومات، انٹیلی جنس ذرائع، ہیومن ریسورسز، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث شان عرف شانا گینگ کے سرغنہ کو02ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیتی 08عدد موٹر سائیکل ریکوری کرلئے۔ یہ ملزمان بہاولپور کے دیگر تھانوں کو بھی مطلوب تھے جن کی گرفتاری کے بعد چوری کی واردات میں کمی واقع ہو گی۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے ، جلد ان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔ برآمد شدہ موٹر سائیکلز ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کی جائیں گیں۔ علاقہ مکینوں نے ملزمان کی گرفتاریوں پر تھانہ صدر ریزمان پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ڈی پی او بہاولپور محمد حسن اقبال نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ اس کامیاب کارروائی پر ڈی پی او نے تھانہ صدر ریزمان پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات، تھانہ صدر ریزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد